BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

## نوجوانوں کی معاونت اور انہیں با اختیار بنانے کے لیے سٹی آف برامپٹن پہلی مرتبہ یوتھ ڈے کی میزبانی آن لائن تقریب کے ذریعے کر رہا ہے

برامپٹن، آن (21 اگست 2020) - سٹی آف برامپٹن کی کووڈ-19 یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس بروز جمعرات مورخہ 3 ستمبر کو دن 12 تا 3 بجے تک یوتھ ڈے کا انعقاد عمل میں لا رہی ہے! دل کو موہ لینے والے مقررین اور کھلے سوالات و جوابات کی ایک نشت جس کو آن لائن نشر کیا جائے گا، میں ہمارے ساتھ شامل ہو جائیں۔

سٹی ٹی وی کی کرسٹینا ہوورن کی میزبانی میں منعقد کیا جانے والا یوتھ ڈے نوجوانوں کے لیے ایک ورچوئل سپیس ہو گا جس میں وہ امید افزاء کہانیاں سنیں گے، حالات سے نمٹنے کے طریقے جانیں گے اور 2020 کی رغبت حاصل کریں۔ میئر پیٹرک براؤن، سٹی کونسلر چارمین ولیمز اور سٹی کونسلر ہرکرات سنگھ کے خیالات اور پانچ ماہر مقررین کی جانب سے پیش کیے جانے والے درج ذیل پانچ خصوصی موضوعات پر سیر حاصل جائزے سنیں۔

- BELL کی پیش کردہ ذہنی صحت پر اظہار خیال- ماہر یوناعا بُڈ کی جانب سے پلان بی کے ساتھ تفتیش پر قابو پائیں
- ون وائس ون ٹیم یوتھ لیڈرشپ آرگنائزیشن کے بانی اورلینڈو بووین کی جانب سے انسداد نسلی امتیاز پر اظہار خیال
- جانے مانے میزبان، مصنف اور پروڈیوسر ڈینئیل پیلائی کی جانب سے +LGBTQ مساوات پر اظہار خیال
- فیشن گُورو سینڈی لائن کی جانب سے با اثر شخصیات کی شفافیت پر اظہار خیال
- موٹیویشنل سپیکر انتھونی مک لین کی جانب سے تنوع کے ساتھ غنڈہ گردی اور وابستگی کے موضوع پر اظہار خیال

بعد از دوپہر تمام مقررین کے ساتھ سوالات و جوابات کے ایک کھلے اور دلچسپ سلسلے کے ساتھ یہ نشست اختتام پذیر ہو گی۔

برامپٹن یوتھ ڈے کو BELL، CN، RBC اور EB گیمز کا فخریہ تعاون حاصل ہے۔

شرکت کرنے کے لیے رجسٹریشن درکار ہے۔ براہ کرم اپنی شرکت کی تصدیق اور تقریب میں شرکت کے لیے لاگ ان معلومات حاصل کرنے کے لیے events@brampton.ca پر ای میل بھیجیں۔ پوری تقریب اور مقررین کی تفصیل جاننے کے لیے brampton.ca/bramptonyouthday ملاحظہ کریں۔

### کووڈ-19 یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس

سٹی آف برامپٹن کووڈ-19 یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس، سٹی کونسلر چارمین ولیمز اور سٹی کونسلر ہرکرات سنگھ کی مشترکہ سربراہی میں کام کرتی ہے۔ یہ ٹاسک فورس کووڈ-19 کی وباء کے دوران برامپٹن کے 14 تا 29 سال عمر کے نوجوانوں کی معاونت کے لیے قائم کی گئی ہے جو نوجوانوں کی خدمات کے لیے قائم کردہ 40 سے زیادہ تنظیموں کے ساتھ روابط استوار کرتے ہوئے انہیں وسائل اور معاونت تک رسائی فراہم کرتی ہے تاکہ نوجوانوں کو گھروں سے آن لائن طور پر مثبت سرگرمیوں سے وابستہ رکھا جائے۔ مزید معلومات کے لیے یہاں کلک کریں۔

### یوتھ فرینڈلی کمیونٹی ڈیزگنیشن

سٹی آف برامپٹن کو پلے ورکس، ایک پروگرام جس کو پارکس اینڈ ری کریئیشن اونٹیریو کی معاونت حاصل ہے، کی جانب سے ایک مرتبہ پھر پلاٹینیم یوتھ فرینڈلی کمیونٹی کے طور پر تسلیم کر لیا گیا ہے۔ اس مرتبہ یہ تیسرا موقع ہے کہ جب اس شہر کو نوجوانوں کے لیے نشوونما اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے شاندار عزم رکھنے کے اعتراف کے لیے تسلیم گیا ہے اور یہ رواں سال پلاٹینم کی اس چوٹی کی حیثیت کو حاصل کرنے والی تین کمیونٹیز میں سے ایک ہے۔ مزید جاننے کے لیے یہاں کلک کریں۔

### اقتباسات

"نوجوانوں کے لیے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے قائدانہ حیثیت رکھتے ہوئے، برامپٹن اپنی کمیونٹی میں نوجوانوں کی راہیں ہموار کرنے کے لیے پہلا یوتھ ڈے منعقد کر رہا ہے۔ کووڈ-19 کی وباء کے دوران برامپٹن کے نوجوانوں کو ایک بامعنی طریقے سے وابستہ رکھنے اور ان کی مدد و معاونت کے لیے کووڈ-19 یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ اس آن لائن تقریب کا انعقاد ہمارے اس عزم کی براہ راست عکاسی کرتا ہے اور میں تمام لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ دوپہر کی اس پرکشش تقریب میں ضرور شرکت کریں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"ہمیں معلوم ہے کہ سال 2020 برامپٹن کے نوجوانوں کے لیے بڑا صبر آزما رہا ہے۔ یہ تقریب ہماری کمیونٹی کے قابل رشک نوجوانوں کی معاونت اور ان کو با اختیار بنانے کے لیے منعقد کیا جا رہا ہے اوراس کو کووڈ-19 یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس کی جانب سے نوجوانوں کے ساتھ کی جانے والی بات چیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تشکیل دیا گیا ہے۔ ہم نے اپنی کمیونٹی کے خیالات کو سنا ہے اور ہم ان کی خواہشات کو عملی جامہ پہنا رہے ہیں۔"

- *چارمین ولیمز، سٹی کونسلر، وارڈز 7 اور 8؛ کو لیڈ کووڈ-19 یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن کے نوجوان بہادر، پرجوش اور متاثر کن ہیں اور ہم نے ان کے لیے کچھ خصوصی موضوعات پر اظہار خیال کرنے کے لیے ماہر مقررین کو دعوت دی ہے تاکہ وہ ان کے روشن مستقبل میں مدد کریں اور اس رفتار کو جاری رکھیں۔ کووڈ-19 یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس، برامپٹن کے نوجوانوں کی معاونت کے لیے وقف کی گئی ہے۔"

- *ہرکرات سنگھ، سٹی کونسلر، وارڈز 9 اور 10؛ کو لیڈ کووڈ-19 یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن کو یوتھ ڈے کی پیشکش پر فخر ہے، جس میں دل کو موہ لینے والے ایسے مقررین کو کچھ ایسے موضوعات پر اظہار خیال کی دعوت دی گئ ہے جو آج کے نوجوانوں کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ کونسل اور سٹی کے عملے کی برامپٹن کے نوجوانوں کے ساتھ لگن سے اس تقریب کا انعقاد ممکن ہوا ہے اور ہمیں امید ہے کہ آپ اس موقع کو ضائع نہیں ہونے دیں گے۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔


**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca